© rasailojaraid.com



ذوالکفل بخاری

# مرے مولا محمد، مرے سچے محمد!

(ﷺ)

مرے مولا محمد!
مرے سچے محمد!
مری دنیا میں جب سے، جس قدر سچائی ہے، وہ آپ ہی سے ہے
مرے پاکیزہ طینت، پاک دامن، پاک زادو پاک نفس و پاک بیں مولا!
مری دنیا میں جب سے، جس قدر پاکیزگی ہے، آپ ہی سے ہے
مرے سچے محمد!
بھلائی جس قدر دنیا میں ہے، وہ آپ ہی سے ہے
مرے مولا محمد!
مری دنیا، مری دنیا نہیں یہ آپ ہی کی ہے
آپ ہی کے دم قدم سے، فیض سے، لطف و کرم سے
ذاتِ بابرکات سے، آباد ہے جب سے بھی یہ
اور جس قدر آباد ہے، یہ آپ ہی سے ہے
مرے سچے محمد!
مجھے سچائی کی، پاکیزگی کی اور بھلائی کی
جتنی ادائیں یاد ہیں، وہ آپ ہی کی ہیں۔
اداوارِ نبوت ______ میری اتنی سی گزارش ہے
مری اپنی ادافہموں سے نسبت خاص کر دیجئے
مجھے سچوں، بھلوں، پاکیزہ تر لوگوں کے قدموں میں جگہ دیجئے!
مجھے میری ہی دنیا میں قوی و معتبر کیجئے
یہ دنیا آپ ہی کی ہے
مرے مولا محمد!
مرے سچے محمد!

© rasailojaraid.com